NHS کمیونٹی کے ایک فارماسسٹ کے ساتھ آپ کی مشاورت

آپ کو صحت کی مخصوص معمولی کیفیات میں مدد دینے کے لیے ہماری پریکٹس مقامی فارماسسٹس کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔

GP پریکٹس کی بجائے NHS فارماسسٹ سے مشاورت حاصل کرنا زیادہ موزوں ہو سکتا ہے۔ آپ اپنے لیے موزوں فارمیسی کا انتخاب کر سکتے ہیں اور ہم آپ کے لیے یہ انتظام کروائیں گے۔

فارماسسٹس ادویات سے علاج کرنے کے ماہر ہوتے ہیں جو آپ کو صحت سے متعلق متعدد خدمات میں معاونت دے سکتے ہیں۔ آپ کی مشاورت میں کیا کِیا گیا، اور اگر آپ کو کوئی فالو اپ اپائنٹمنٹس درکار ہوں، تو وہ ہمیں آگاہ کریں گے۔

آگے کیا ہو گا؟



ہم، آپ کی منتخب کی ہوئی فارمیسی میں آپ کی رابطہ جاتی تفصیلات اور آپ کی کیفیت کے بارے میں معلومات ارسال کریں گے۔

فارماسسٹ آپ کی مشاورت کا انتظام کرنے کے لیے آپ سے یا تو فون یا ویڈیو کال کے ذریعے رابطہ کرے گا، یا آپ فارمیسی تشریف لا سکتے ہیں۔ مشاورت رازدارانہ ہو گی – آپ جس بارے میں بھی تبادلہ خیال کریں گے اسے خفیہ رکھا جائے گا۔

اگر آپ فارمیسی جاتے ہیں، تو کاؤنٹر کے عملے کو آگاہ کریں کہ آپ کو پریکٹس کی جانب سے بھیجا گیا ہے اور یہ کہ آپ فارماسسٹ کے ساتھ مشاورت کے لیے تشریف لائے ہیں۔ تمام فارمیسیز میں خفیہ مشاورتی کمرے موجود ہیں۔



فارماسسٹ کیسے مدد دے سکتا ہے؟

فارماسسٹس نگہداشتِ صحت کے انتہائی تربیت یافتہ ماہرین ہیں جو صحت کی متعدد معمولی کیفیات سے متعلق معالجاتی مشورے دے سکتے ہیں اور ادویہ سے علاج کے علم (علم طب) میں پانچ سالہ مہارت رکھتے ہیں۔

فارماسسٹ آپ کی علامات کا جائزہ لیں گے۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو نگہداشتِ صحت کے کسی دوسرے پیشہ ور ماہر (جیسا کہ GP یا ماہرِ امراضِ چشم) سے معائنہ کروانے کی ضرورت ہے، تو وہ اس کا انتظام کروانے میں مدد دیں گے۔



فارماسسٹ طبی مشورہ دے سکتے ہیں اور آپ کو اپنی کیفیت کا نظم کرنے میں بھی مدد دے سکتے ہیں۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو اپنی علامات کے لیے علاج درکار ہے، تو وہ آپ کو ادویہ تجویز کر سکتے ہیں جو غیر نسخہ جاتی کاؤنٹر سے (نسخے کے بغیر) خریدی جا سکتی ہیں۔

فارماسسٹ آپ کی مشاورت میں جو کچھ ہو گا، اس کا ریکارڈ رکھے گا، اس میں آپ کو تجویز کردہ کوئی بھی ادویہ شامل ہوں گی۔ وہ اس ریکارڈ کا ہمارے ساتھ اشتراک کریں گے تاکہ آپ کے طبی ریکارڈ کے اپ ڈیٹ کو یقینی بنایا جا سکے۔



میں کس فارمیسی کے ساتھ مشاورت کر سکتا ہوں؟

آپ یہ سروس فراہم کرنے والی کسی بھی دستیاب فارمیسی کے ساتھ مشاورت کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

ہم آپ کی معلومات کا استعمال کیسے کریں گے؟

ہم آپ کی ذاتی معلومات کا استعمال تب کریں گے جب ہمیں محفوظ طریقے سے آپ کی نگہداشت کا نظم کرنے کے لیے اس کی ضرورت ہو گی۔

میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟



آپ درج ذیل ویب سائٹس پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں:

فارمیسی کیسے مدد کر سکتی ہے (www.nhs.uk)

فارمیسی تلاش کریں